SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

November 5, 2018

ایس ای سی پی نے عوامی سطح پر دھوکہ دہی میں ملوث دو کمپنیوں کو بند کرنے کی کارروائی شروع کر دی

اسلام آباد، ۵ نومبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے دو کمپنیوں، میسرز گولڈ ٹرانسمٹ نیٹ ورک ٹیکنالوجی (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور میسرز گرین ایپل سپر مارکیٹ (پرائیویٹ لمیٹڈ) کو بند کرنے کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 301 اور 304 کے تحت ضابطے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔ دونوں کمپنیاں غیر مجاز غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں میں ملوث پائی گئی ہیں۔ کمپنیوں کے بارے میں شکایات تھیں کہ وہ فوری اور ناقابلِ یقین منافع کا لالچ دے کر عوام کو ان کے خون پسینے کی کمائی سے محروم کر رہی ہیں۔

ایس ای سی پی کی جانب سے عوام الناس آگاہ کیا جاتا ہے کہ سینہ گزٹ مارکیٹنگ، تہہ در تہہ مارکیٹنگ اور ان سے ملتی جلتی مارکیٹنگ کے ذریعے مقامی یا بین الاقوامی کاروبار میں براہِ راست یا بالواسطہ شامل ہونا غیر قانونی عمل ہے اور ایسی سکیموں میں سرمایہ کاری ان کے لئے نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ عوام سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فراڈ اور دھوکہ دہی پر مبنی ایسی کسی بھی سکیم میں سرمایہ کاری نہ کریں جہاں انہیں فوری اور کافی زیادہ منافع کا لالچ دیا جا رہا ہو یا مختلف اشیا فروخت کرنے یا نئے ممبران کو گھیر کر سکیم میں شامل کرنے کی ترغیب کے ساتھ بھاری منافع کے خواب دکھائے جا رہے ہوں۔ ایسی دھوکہ باز کمپنیاں اشتہار بازی، ای میلز، موبائل پیغامات، وٹس ایپ، الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے ذریعے عوام کو سرمایہ کاری کی ترغیب دیتی اور بھاری منافع کے سنہرے خواب دکھا کر لوٹ لیتی ہیں۔